
© rasailojaraid.com

مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

درس قرآن: حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانیؒ ترتیب: مولانا عتیق الرحمان سنبھلی صاحب

ضخامت: ۶۲۸ صفحات قیمت: -/۲۰۰ روپے

ملنے کا پتہ: دارالکتاب۔ کتاب مارکیٹ اردو بازار لاہور

عرض مرتب کے زیرعنوان مولانا عتیق الرحمان صاحب سنبھلی رقمطراز ہیں ''درس قرآن کا یہ مبارک سلسلہ سورۃ فاتحہ سے آخری سورۃ الناس تک مکمل ہوا تھا۔ مگر یہ مجموعہ جو آپ کے ہاتھوں میں ہے یہ اس کے بس اس تھوڑے سے حصہ پر مشتمل ہے جو ماہنامہ ''الفرقان'' میں شائع ہوسکا۔ پڑھنے والے محسوس کریں گے کہ باقی بڑے حصے کا اس مجموعہ میں شامل نہ ہونا بڑا خسارہ ہے اور صحیح محسوس کریں گے۔ کیونکہ فہم قرآن کے سلسلے میں اس درس کی اپنی خصوصیات ظاہر ہے انہیں دوسری جگہ نہ مل سکیں گے۔ ہر شخصیت کے اپنے طرز و مزاج کی کچھ خصوصیات ہوتی ہیں۔ جن کی وجہ سے اس کا کام ایک خاص امتیازی رنگ اختیار کرتا ہے اور اس کی وجہ سے ایک خاص افادیت پیدا ہوتی ہے۔ حضرت والد ماجد (مولانا محمد منظور نعمانی) کی بھی کچھ خصوصیات تھیں جو ان کی تحریر و تقریر میں نمایاں رہتی تھیں''

''اس مجموعہ میں شامل درسوں کا سلسلہ سورۃ نساء کی آیت ۹۴ سے شروع ہو کر سورۃ الناس پر تمام ہوتا ہے، مگر جیسا کہ دروس کی تعداد سے (جو کہ قرآن پاک کی سورتوں کی کل تعداد کا بھی نصف ہیں) ظاہر ہے یہ سلسلہ النساء کی ان آیتوں سے سورۃ الناس تک مکمل نہیں ہے بلکہ سورۃ النساء کے صرف تین درس ہیں۔ اسی طرح چند کچھ آیتوں کے درس اس مجموعہ میں آگئے ہیں، وہ سورتیں جن کے مکمل درس شامل ہوئے ہیں وہ المؤمن اور الفتح ہیں اور ان کے بعد پارہ عم کی سورہ البینہ سے سورۃ الناس تک مسلسل درس کے سلسلہ میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہ سلسلہ درس لکھنؤ کے تبلیغی درس میں شروع ہوا تھا۔ اور بیشتر حصہ وہیں مکمل ہوا، کچھ حصہ باقی رہ گیا تھا کہ والد صاحب کے لئے زیادہ نقل و حرکت دقت طلب ہوگئی تو باقی ماندہ محلہ کی مسجد میں مکمل فرمایا''

فاضل مرتب نے اس میں ذیلی عنوانات قائم کئے ہیں تاکہ قارئین کو بات ذہن نشین ہونے میں آسانی ہو، اس لئے مقام کی مناسبت کی وجہ سے ذیلی عنوان قائم کیا۔ اکثر درسوں میں جہاں تاریخی یا حدیثی روایت کا ذکر ہے فاضل مرتب نے ان کے حوالہ جات دیئے ہیں تاکہ کوئی روایت بغیر مستند حوالہ کے نہ رہے مقام کی مناسبت سے جہاں ضرورت محسوس ہوئی مرتب نے وہاں پر توضیحی حاشیہ دیا ہے۔

© rasailojaraid.com